سوال

(768) شادی بیاہ کے موقع پر عورتوں کا آپس میں رقص کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شادی بیاہ میں عورتوں کے آپس میں رقص کرنے کا کیا حکم ہے؟ اللہ تمھیں بدلہ دے گا آپ ہمیں فتویٰ دیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

شادی کے موقع پر عورتوں کے رقص کرنے میں کوئی حرج نہیں نیز اچھے گانے کے ساتھ دف بجانے میں بھی اس لیے کہ شادی کا وہ اعلان ہے جس کا شرعی طور پر حکم دیا گیا ہے لیکن اس شرط سے کہ یہ صرف عورتوں تک محدود ہو۔ ایسی آواز کے ساتھ کہ اپنی جگہ سے دور اور بلند نہ ہو اور مکمل پردے کی شرط کے ساتھ اس اعتبار سے کہ عورت کے پردے سے ناچنے کی حالت میں کوئی چیز ظاہر نہ ہو۔ مثلاً اس کے کندھے بازو اور پنڈلیاں اور صرف وہی چیزیں ظاہر ہو سکتی ہوں جو عام طور پر کسی مسلمان عورت کی عورتوں کی موجودگی میں ظاہر ہو جاتی ہیں (فضیلۃ الشیخ صالح الفوزان)

هذا ما عندي والله اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 687

محدث فتویٰ